## سوال

حنفی مسلک اور اہلحدیث مسلک میں سے کون حق پر

## جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

حنفی مسلک اور اہلحدیث مسلک میں سے کون حق پر ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بات مسلک کی نہیں، بلکہ ان کے اصولوں کی ہے۔ حنفی مسلک میں امام ابو حنیفہ کے قول کو ترجیح دینے کی کوشش کی جاتی ہے، حتی کہ بعض اوقات حدیث سے تعارض کی وجہ سے قول کو چھوڑنے کی بجائے حدیث کو کھینچ تان کر اس کے موافق بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ جبکہ اہل حدیث قرآن اور حدیث کو اصل اور معیار مانتے ہیں اور تمام ائمہ کے اقوال کو ان پر پرکھتے ہیں، اگر کسی کا قول قرآن وحدیث کے مطابق ہو تو قبول کر لیا جاتا ہے، ورنہ قرآن اور حدیث کو ہی ترجیح دی جاتی ہے۔ اس بنیادی فرق کو سامنے رکھ کر ہر ذی شعور آدمی یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ کون حق پر ہے اور کس کے اصول قرآن اور سنت کے موافق ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

# فتوی کمیٹی

## محدث فتوی